صلاح برائے نگہداران بابت

گھر پر کپڑے دھونا

[Advice for Carers about Washing clothes at home – Urdu]

ان نگہداران کے لئے صلاح جو فضلہ سمیت جسم کے سیال مادوں سے آلودہ کپڑے گھر لے جاتے ہیں۔

برائے مہربانی عملہ سے اپنے کپڑے دھونے کے لئے نہ کہیں کیوں کہ ان کے پاس ایسا کرنے کے لئے سہولیات نہیں ہیں۔

آپ اور آپ کے اہل خانہ کے لئے انفیکشن کا خطرہ کم ہے، لیکن اس کتابچہ میں فراہم کردہ معلومات آپ کو حفاظت کے ساتھ ان کپڑوں کے بندوبست میں مدد دے گی۔

- وارڈ میں موجود عملہ کسی بھی آلودہ کپڑے کو پلاسٹک کے دو تھیلوں میں ڈالے گا۔ باہری گھر لے جانے کے لئے ہے لیکن اندرونی تھیلا جزوی طور پر آپ کی واشنگ مشین میں تحلیل ہو جائے گا۔ آپ کو چاہئے کہ آلودہ کپڑے اندرونی تھیلے میں رکھیں اور اسے واشنگ مشین میں ڈال دیں۔
- جب آپ گھر واپس جائیں تو کسی بھی آلودہ کپڑے کو جتنی جلدی ممکن ہو مشین سے دھو ڈالیں۔
- آلودہ کپڑوں کو دوسرے کپڑوں کے ساتھ **نہ** ملائیں۔
- اس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ آپ کو مشین کی آدھی گنجائش پر کپڑے دھونے پڑیں گے۔
- باہری تھیلے سے کپڑے نکالیں اور قابل تحلیل اندرونی تھیلا براہ راست واشنگ مشین میں ڈال دیں۔ باہری تھیلا اپنے گھر کے کوڑے میں ڈال دیں۔
- اگر ممکن ہو تو کپڑوں کو حیاتیاتی واشنگ پاؤڈر یا سیال سے، ایسے زیادہ سے زیادہ درجۂ حرارت میں دھوئیں جسے کپڑے برداشت کر سکیں (مثالی طور پر یہ 60ºC یا اس سے زیادہ ہونا چاہئے)۔ اس کارروائی کے آخری مرحلہ میں کپڑے کھنگالنے کے لئے کافی حد تک پانی اور حرارت کا امتزاج ہی وہ چیز ہے جو یقینی بناتی ہے کہ بیکٹیریا اور وائرس دونوں ختم ہو جائیں۔
- واشنگ مشین میں کپڑے ڈالنے کے بعد صابن اور پانی سے اپنے ہاتھ اچھی طرح دھوئیں۔
- دھلائی کے سلسلہ کے اخیر میں، جزوی طور پر تحلیل ہونے والا تھیلا نکالیں اور اسے اپنے گھر کے کوڑے میں ڈال دیں۔
- کپڑے یا تو ہوا سے خشک کئے جانے چاہئیں یا ٹَمبل ڈرائر سے اور پھر پریس کئے جانے چاہئیں، اگر کپڑا پریس کرنے کے لائق ہو۔

برائے مہربانی:

- کپڑے باہر **نہ** کھنگالیں – یہ صرف سنک اور ممکنہ طور پر آپ کے آلودہ ہونے کا سبب بنتا ہے۔
- کپڑوں کو انفیکشن سے پاک کرنے والے مادے میں **نہ** بھگوئیں – یہ یا تو طبیعی آلودگی کو صرف جزوی طور پر ختم کرے گا اور دیگر حصوں کو گندا چھوڑ دے گا یا کپڑوں کا رنگ اڑا دے گا اور ریشوں کو خراب کر دے گا۔
- ابلتے ہوئے پانی میں **نہ** دھوئیں – مصنوعی ریشے سکڑ جائیں گے اور اون خراب ہو جائے گا۔

اگر آپ کو کوئی مزید معلومات درکار ہو تو برائے مہربانی اسپتال کے سوئچ بورڈ کے واسطہ سے انفیکشن کی روک تھام سے متعلقہ ٹیم سے رابطہ کریں۔

Review Date: July 2017